# نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

**سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد**

**راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے تعاون سے جدید فروٹ و سبزی منڈی کا قیام کا ماسٹر پلان مرتب کیا جائے۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو**

**لاہور: 03اپریل 2024** (      ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی (روڈا) کے تعاون سے لاہور میں جدید فروٹ و سبزی منڈی کے قیام سے متعلق ماسٹر پلان کی تیاری کا جائزہ لیا گیا۔اس جدید منڈی کا نام "**پنجاب سینٹر آف ایکسیلینس فار فروٹ اینڈ ویجیٹیبل**" تجویز کیا گیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے جدید منڈی کے قیام کیلئے لیبر کے رہائشی علاقہ جات،ہسپتال،مسجد،ایڈمن بلاک،پارکنگ اورمنڈی میں کولڈ سٹوریج کا قیام کے علاوہ امپورٹرز و ایکسپورٹرز کو پھلوں و سبزیات کی برآمد اور درآمد کیلئے رہائش و دیگر سہولیات کی فراہمی کو مدِنظر رکھتے ہوئے ماسٹر پلان تیار کرنے کے احکامات دیئے۔انھوں نے مزید کہا کہ ماسٹر پلان ہر اعتبار سے جامع اور مکمل ہونا چاہیے جس میں روڈ نیٹ ورک کو اچھا ہونا چاہیے اور بینکس کا قیام بھی ہو۔پہلے مرحلہ میں 1000 کینال کا ماسٹر پلان تیار کیا جائے۔اس کے علاوہ یہ جائزہ بھی لیا جائے کہ کتنے آڑھتی اور وینڈر حضرات اس منڈی میں اپنا کاروبار کریں گے۔منڈی کی سیکیورٹی اور ٹرانسپورٹ کیلئے ہر پہلو کا باریک بینی سے جائزہ لے کر پلان جلد از جلد پیش کیا جائے۔اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل پامرا طارق محمود،ڈائریکٹر زرعی مارکیٹنگ پنجاب نیئر جلال،ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆